## ایم کیوایم کوموقع ملاتو پاکستان کوترقی وخوشحالی کی راہ پرگامزن کردیں گے، الطاف حسین
## عوام مختلف سیاسی جماعتوں کوآزماتے رہے ہیں لیکن کوئی بھی جماعت نہ تو ملک کوترقی وخوشحالی کی راہ پرگامزن نہیں کرسکی
## عوام نے ایم کیوایم کوایک مرتبہ اپنی نمائندگی کا حق دیاتو وہ غریب عوام کے بنیادی مسائل ترجیحی بنیادوں پرحل کرے گی
## پنجاب کے معروف دانشوروں، کالم نویسوں، صحافیوں اوراینکر پرسن سے ٹیلی فون پرگفتگو

لندن۔۔۔23، اپریل2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ اگرصوبہ پنجاب سمیت ملک بھر کے عوام ایم کیوایم کوایک مرتبہ اپنی نمائندگی کا موقع دیں تو ایم کیوایم، پاکستان کوترقی وخوشحالی کی راہ پرگامزن کردے گی۔ یہ بات انہوں نے آج پنجاب کے معروف دانشوروں، کالم نویسوں، صحافیوں اوراینکر پرسن سے ٹیلی فون پرگفتگوکرتے ہوئے کہی۔اس موقع پرانہوں نے ایم کیوایم کے تحت پنجاب کے مختلف شہروں میں ایم کیوایم پنجاب کنونشن کے انعقاد کے سلسلے میں تبادلہ خیال بھی کیا۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ پاکستان کے مظلوم عوام گزشتہ کئی دہائیوں سے مختلف سیاسی جماعتوں کوآزماتے رہے ہیں لیکن کوئی بھی جماعت نہ تو ملک کوترقی وخوشحالی کی راہ پرگامزن کرسکی اورنہ ہی عوام کے بنیادی مسائل حل کرسکی۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کے فرسودہ جاگیردارانہ نظام میں غریب ومتوسط طبقہ کےعوام آج بھی مہنگائی، بے روزگاری، صحت، تعلیم اوردیگر بنیادی مسائل کا شکار ہیں اور جب تک ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام اورموروثی سیاست کا خاتمہ نہیں ہوگا ملک وقوم کوترقی وخوشحالی کی راہ پرگامزن نہیں کیا جاسکتا۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم فرسودہ جاگیردارانہ نظام اورموروثی سیاست کے خاتمہ کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے اورصوبہ پنجاب سمیت ملک بھر کے عوام نے ایم کیوایم کوایک مرتبہ اپنی نمائندگی کا حق دیا تو ایم کیوایم پاکستان کی ترقی وخوشحالی کی راہ پرگامزن کردے گی اورغریب عوام کے بنیادی مسائل ترجیحی بنیادوں پرحل کرے گی۔اس موقع پر پنجاب کے معروف دانشوروں، کالم نویسوں، صحافیوں اوراینکر پرسن نے پنجاب میں ایم کیوایم کے کنونشن کا خیرمقدم کرتے ہوئے کہا کہ ملک بھر کے عوام روایتی سیاستدانوں سے مایوس ہوچکے ہیں اور ملک میں تبدیلی چاہتے ہیں اورایم کیوایم کی جانب دیکھ رہے ہیں۔انہوں نے پنجاب کے باشعور عوام شعوری بیداری کیلئے جناب الطاف حسین کی جدوجہد پرانہیں خراج تحسین پیش کیا۔

## 25 اپریل کوایم کیوایم کے پنجاب کنونشن کے موقع پردنیا دیکھے گی کہ پنجاب کے غریب ومتوسط طبقہ کےعوام فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمہ کیلئے پوری طرح جاگ اٹھے ہیں۔الطاف حسین
## پنجاب کے سچے حق پرست عوام نے اب کمر کس لی ہے کہ وہ ملک میں فرسودہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ اورلوٹ مار کے نظام کوختم کرکے اور پاکستان کوسچے چاہنے والوں کا ملک بنا کردم لیں گے
## انشاءاللہ ایم کیوایم کا پنجاب کنونشن تاریخی اورکامیاب ہوگا۔رابطہ کمیٹی کے ارکان اوردیگر ذمہ داران سے ٹیلیفون پرگفتگو

لندن۔۔۔23 اپریل2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ انشاءاللہ 25 اپریل کوپنجاب میں ہونے والے ایم کیوایم کے کنونشن کے موقع پردنیا دیکھے گی کہ پنجاب کے غریب ومتوسط طبقہ کےعوام ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمہ کیلئے پوری طرح جاگ اٹھے ہیں اوروہ حق پرستی کی اس جدوجہد میں ہراول دستہ بننے کیلئے تیار ہیں۔انہوں نے یہ بات ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان اوردیگر ذمہ داران سے ٹیلیفون پرگفتگوکرتے ہوئے کہی۔انہوں نے کہا کہ پنجاب کے عوام کو برسوں تک ایم کیوایم سے دوررکھا گیالیکن اب انہوں نے حق اورسچ کو پہچان لیا ہے، وہ تیزی سے ایم کیوایم کی طرف آرہے ہیں، پنجاب کے سچے حق پرست عوام نے اب کمر کس لی ہے کہ وہ ملک میں فرسودہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ اورلوٹ مار کے نظام کوختم کرکے اور پاکستان کوسچے چاہنے والوں کا ملک بنا کردم لیں گے۔انہوں نے کہا کہ انشاءاللہ ایم کیوایم کا پنجاب کنونشن تاریخی اورکامیاب ہوگا اورپنجاب کے نوجوان، بزرگ، مرد، خواتین اور بچے بھاری تعداد میں کنونشن میں شرکت کرکے ثابت کردیں گے کہ وہ پاکستان کی بقاء وسلامتی اورامن وخوشحالی کا ضامن صرف اورصرف ایم کیوایم کوسمجھتے ہیں اورملک کی سلامتی واستحکام اورترقی کیلئے مثبت تبدیلی چاہتے ہیں۔

## رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینرڈاکٹر فاروق ستاراوراراکان رابطہ کمیٹی افتخار رندھاوااوروسیم آفتاب نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے حضرت شاہ رکن الدین عالم سہروردیؒ اور بابا فرید شکر گنجؒ مزار پر پھولوں کی چادر چڑھائی گئی

ملتان۔۔۔23اپریل2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی ڈپٹی کنونیر ووفاقی وزیر برائے سمندر پار پاکستانیز ڈاکٹر فاروق ستاراوررابطہ کمیٹی کے رکن افتخار رندھاوانے ملتان میں برصغیر کے نامور ولی حضرت شاہ رکن الدین عالم سہروردیؒ کے مزار پر حاضری دی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے پھولوں کی چادر چڑھائی اور 25اپریل کو ہونے والے ایم کیوایم کے کنونشن کی کامیابی کیلئے خصوصی دعا کی ۔اس موقع پر ان کے ہمراہ ایم کیوایم لوئر پنجاب زون کے زونل کمیٹی کے ذمہ داران وکارکنان بھی موجود تھے۔علاوہ ازیں متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن وسیم آفتاب نے حضرت بابا فرید گنج شکر مزار پر حاضری دی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے چادر چڑھائی اور قائد تحریک کی درازی عمر کیلئے دعا کی ۔ اس موقع پر ان کے ہمراہ حق پرست ایم این اے ساجد احمد اور ڈاکٹر ایوب شیخ ،صوبائی تنظیمی کمیٹی کے اراکین ایم کیوایم لوئر پنجاب زونل کمیٹی کے ذمہ داران وکارکنان بھی موجود تھے۔

## الطاف حسین کے پیغام حق پرستی کو پھیلنے سے دنیا کی کوئی طاقت نہیں رک سکتی،افتخار اکبر رندھاوا

ملتان۔۔۔23اپریل2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن افتخار اکبر رندھاوانے کہا ہے کہ ایم کیوایم کے زیراہتمام 25اپریل کوملتان میں ہونے والا پنجاب کنونشن ملک بھر کے مظلوم عوام کی آواز ہے تاہم اس سے پہلے ہی پنجاب بھر میں حق پرستی کے نعرے گونج رہے ہیں جو اس بات کی دلیل ہے کہ پنجاب کے مظلوم عوام قائد تحریک جناب الطاف حسین پر اپنے اعتماد کا اظہار کر چکے ہیں۔ان خیالات کا اظہار افتخار اکبر رندھاوانے لوئر پنجاب زون ملتان آفس میں مختلف علاقوں سے آئے ہوئے کارکنوں اور طلبہ سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔انہوں نے کہا کہ صوبہ پنجاب کے مظلوم عوام اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کے درمیان دوریاں پیدا کرنے والے ناکام ہو چکے ہیں اور اب پنجاب میں حق پرستی کی تحریک میں مظلوم عوام جوق در جوق شامل ہو رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ 2فیصد استحصالی طبقہ دراصل یہ نہیں چاہتا کہ پنجاب کے مظلوم عوام کا شعور بیدار ہو اور وہ فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمے کیلئے عملی طور پر میدان میں آئیں۔افتخار اکبر رندھاوانے کہا کہ الطاف حسین نے ملک بھر کے عوام کو اپنے جائز حقوق کے حصول کیلئے حق پرستی کا جو راستہ دکھایا ہے اسے پھیلنے سے دنیا کی کوئی طاقت نہیں رک سکتی۔انہوں نے صوبہ پنجاب کے عوام سے پرزور اپیل کی ہے کہ وہ 25اپریل کوملتان میں ہونے والے ایم کیوایم کنونشن میں بھرپور تعداد میں شرکت کریں۔

## پنجاب کنونشن میں عوام اور میڈیا کی دلچسپی اس بات کی غماز ہے کہ اب پنجاب جاگ گیا ہے،وسیم آفتاب
## ملتان کے مقامی ہوٹل میں متحدہ کی جانب سے پرنٹ والیکٹرونک میڈیا کے نمائندوں اور کالم نگاروں کے اعزاز میں ظہرانہ

ملتان۔۔۔23اپریل2010ء

25اپریل کا دن پاکستانی تاریخ کا اہم ترین دن ہے اس دن لاہور،راولپنڈی اور ملتان میں ہونے والا پنجاب کنونشن پاکستانی سیاست میں انقلابی ہلچل پیدا کردے گا۔ان خیالات کا اظہار متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے اراکین وسیم آفتاب اور افتخار اکبر رندھاوانے ایم کیوایم کی جانب سے ملتان کے صحافیوں اور کالم نگاروں کے اعزاز میں ملتان کے مقامی ہوٹل ''رمادا''میں منعقد ایک ظہرانے سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر ان کے ہمراہ قومی اسمبلی میں متحدہ قومی موومنٹ کے پارلیمانی لیڈر حیدر عباس رضوی،حق پرست اراکین قومی وصوبائی اسمبلی آصف حسنین،صلاح الدین،فرحت خان،ڈاکٹر ایوب شیخ،شیخ صلاح الدین،حق پرست صوبائی وزراء رؤف صدیقی،خالد بن ولایت،زبیر احمد ،وزیر اعلیٰ سندھ کے مشیر خواجہ اظہار الحسن اور صوبائی تنظیمی کمیٹی کے اراکین بھی موجود تھے۔ظہرانے میں ملتان سے تعلق رکھنے والے پرنٹ والیکٹرونک میڈیا کے صحافیوں،کالم نگاروں اور نمائندگان حضرات نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔رکن رابطہ کمیٹی وسیم آفتاب نے ظہرانے سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہماری کوشش ہے کہ ہم یہاں عوام کو یہ سکھائیں کہ اب آپ ہی لوگوں آگے آنا ہے اور حکمرانی کرنی ہے۔انہوں نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ 25اپریل کو ایم کیوایم کے تحت پنجاب کے شہر ملتان،لاہور اور راولپنڈی میں ہونے والے پنجاب کنونشن میں عوام اور میڈیا کی دلچسپی اس بات کی غمازی ہے کہ اب پنجاب کے غریب مزدور،کسان اپنے جائز حقوق کے حصول کیلئے پوری

طرح جاگ گئے ہیں اور وہ متحدہ قومی موومنٹ کے پرچم تلے جمع ہوکر استحصالی عناصر کے خلاف عملی جدوجہد میں شامل ہیں۔انہوں نے کہا کہ ملک بھر کے مظلوم عوام کی طرح پنجاب کے عوام بھی قائدتحریک جناب الطاف حسین کو اپنا متفقہ قائدتسلیم کرچکے ہیں اور پنجاب کنونشن میں یہ بات پوری طرح عیاں کردیں گے کہ پنجاب بھی ایم کیوایم کا مضبوط قلعہ ہے اور یہاں کے عوام کے دل بھی الطاف حسین کیلئے دھڑکتے ہیں۔اس موقع پرحق پرست صوبائی وزیرسندھ رؤف صدیقی نے صحافیوں کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ ہمارا الحاق سابق صدر پرویزمشرف کے ساتھ نہیں تھا اس بات کی واضح دلیل یہ ہے کہ جب وہ حکومت میں آئے تھے تو ملک بھر میں بلدیاتی انتخابات ہونے والے تھے کراچی میں ہمارا 100 فیصد ووٹ تھا لیکن پھر بھی ہم نے بلدیاتی انتخابات کا بائیکاٹ کیا،اسی طرح ہم نے ریفرنڈم کا بھی بائیکاٹ کیا تھا اور جب جنرل الیکشن ہوئے اور مسلم لیگ ق کی گورنمنٹ بنی تو ہم نے مسلم لیگ ق کے ساتھ الحاق کیا۔رابطہ کمیٹی کے رکن وسیم آفتاب اور افتخار اکبر رندھاوا نے ملتان کے صحافیوں سے اپیل کی کہ وہ ملتان میں ہونے والے پنجاب کنونشن میں بھرپور انداز میں شرکت کریں اور ملک بھر کے 98 فیصد مظلوم ومحکوم اور اپنے جائز حقوق سے پسے ہوئے عوام کو قائدتحریک جناب الطاف حسین اور ایم کیوایم کے خلاف پھیلائے ہوئے منفی پروپیگنڈے کو مسترد کرتے ہوئے عوام کو سچائی دکھائیں۔

## پنجاب کنونشن ثابت کردیگا کہ صوبہ پنجاب میں ایم کیوایم کے خلاف منفی پروپیگنڈے کو عوام نے مسترد کردیا،وسیم افتاب اور افتخار اکبر رندھاوا
## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان کا دورہ ملتان آرٹس کونسل پنجاب کنونشن کے انتظامات کا جائزہ

ملتان۔۔۔23اپریل2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے تحت ملتان میں پنجاب کنونشن کی تیاریاں شروع کردی گئیں ہیں اور اس سلسلے میں ایم کیوایم ملتان زون کے ذمہ داران وکارکنان کی جانب سے ملتان کے آرٹس کونسل میں تیاریاں شروع کردی گئیں جبکہ آرٹس کونسل جانے والے راستوں کو بھی برقی قمقموں،ایم کیوایم کے پرچموں اور تہنیتی پیغامات پرمبنی بینرز سے سجایا جائے گا۔دریں اثناء جمعہ کے روز ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن وسیم افتاب اور افتخار اکبر رندھاوا نے آرٹس کونسل ملتان کا دورہ کیا اور جلسے کی تیاریوں کا جائزہ لیا۔اس موقع پرحق پرست اراکین قومی اسمبلی حیدرعباس رضوی،آصف حسنین،صلاح الدین،ڈاکٹر ایوب شیخ،شیخ صلاح الدین،حق پرست صوبائی وزراء عبدالرؤف صدیقی،خالد بن ولایت،زبیر احمد،وزیراعلیٰ سندھ کے مشیر خواجہ اظہارالحسن،صوبائی تنظیمی کمیٹی کے اراکین بھی موجود تھے۔اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے رابطہ کمیٹی کے اراکین نے کہا کہ ایم کیوایم پورے پنجاب کا کنونشن لاہور کے مینار پاکستان میں منعقد کرنا چاہتی تھی لیکن ناگزیر وجوہات کی بناء پرحکومت پنجاب اور انتظامیہ کی جانب سے مینار پاکستان میں کنونشن کی اجازت نہیں دی گئی اسلئے ہم نے اپنی اَنا کا مسئلہ نہیں بنایا اور یہ فیصلہ کیا کہ اب بیک وقت تین جگہوں پر لاہور،ملتان اور راولپنڈی میں کنونشن منعقد کیا جائیگا۔

## ایم کیوایم رابطہ کمیٹی کے ارکان،حق پرست وزراء،حق پرست اراکین اسمبلی ودیگر ذمہ داران کا راولپنڈی کے چاندنی چوک سے راجا بازار تک پیدل مارچ،عوام کو قائدتحریک کے فکروفلسفے آگاہی،ہینڈبل اور پوسٹر تقسیم کیے

اسلام آباد۔۔۔23اپریل2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے اراکین رابطہ کمیٹی،وفاقی وصوبائی وزراء اور حق پرست اراکین اسمبلی،صوبائی تنظیمی کمیٹی اور ذمہ داران اپر پنجاب زون کا عوامی رابطہ مہم کے تحت روالپنڈی کے چاندنی چوک سے راجہ بازار تک پیدل سفر،رکنیت سازی کی گئی عوام کی جانب سے زبردست خیرمقدم کیا گیا۔تفصیلات کے مطابق جمعرات کو روالپنڈی کے چاندنی چوک سے پیدل مارچ کا آغاز کیا گیا جس میں رکن رابطہ کمیٹی کنورنوید جمیل،ڈاکٹر علی حسین،وفاقی وزیر پورٹس وشپنگ بابر خان غوری،حق پرست اراکین قومی اسمبلی ندیم احسان،خوش بخت شجاعت،قبال محمد علی خان،خواجہ سہیل منصور اور منورلالا،سنیٹر طارہ مشہدی،صوبائی وزیر اوقاف سندھ عبدالحسیب خان،ممبران سندھ اسمبلی مقیم عالم ایڈوکیٹ،ندیم مقبول،ممبر قانونی ساز اسمبلی طاہر کھوکھر،صوبائی تنظیمی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج اسلم افریدی،انچارج اپر پنجاب زون زاہد ملک اور ضلعی انچارج ذوالفقار راجپوت سمیت ذمہ دران وکارکنان شریک تھے۔متحدہ کے رہنماء چاندنی چوک،بےنظیر ہسپتال،نازسنیما چوک،کمیٹی چوک سے ہوتے ہوئے راجہ بازار تک گے،راستے میں عام شہریوں کو ایم کیوایم کے منشور ارقائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکروفلسفہ سے آگاہ کیا گیا۔شہریوں کی جانب سے اراکین رابطہ کمیٹی،وزراء،اور ذمہ داران،کو بغیر کسی سیکیورٹی کے ڈورٹو ڈور ممبر سازی کی دعوت پرخراج تحسین پیش کیا گیا۔ اس موقع پر بڑی تعداد میں شہریوں نے متحدہ میں شمولیت کیلئے رکنیت حاصل کی۔

## ایم کیوایم ملک سے فرسودہ نظام کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنا چاہتی ہے،سفیان یوسف،محمد شریف
## لاہور کے تاجر شیخ محمد رمضان کا ایم کیوایم،تاجروں اور عمائدین شہر کے اعزاز میں پرتکلف عشائیہ
## پنجاب کنونشن میں زیادہ سے زیادہ تعداد میں شرکت کریں،رشیدل گوڈیل،باغبانپورہ میں کارنرمیٹنگ سے خطاب

لاہور۔۔۔23،اپریل2010ء

لاہور کے ممتاز اور معروف تاجر شیخ محمد رمضان نے متحدہ قومی موومنٹ کے رکن قومی اسمبلی سفیان یوسف ، ایم کیوایم حیدرآباد کے زونل انچارج محمد شریف اور دیگر تاجروں اور عمائدین شہر کے اعزاز میں سمن آباد میں واقع اپنی رہائشگاہ پر ایک پرتکلف عشائیہ دیا۔عشائیہ میں سمن آباد یوسی کے تمام سابق یوسی ناظمین ،سابق نائب یوسی ناظمین اور کونسلرز بھی بڑی تعداد میں موجود تھے۔سفیان یوسف اور محمد شریف نے عشائیہ کے شرکاء کو لاہور کے الحمراء ہال میں متحدہ قومی موومنٹ کے تحت ہونے والے پنجاب کنونشن کی اہمیت،افادیت اور مقاصد سے آگاہ کیا اور بتایا کہ متحدہ قومی موومنٹ ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ اور بدبودار نظام کو جڑ سے اکھاڑ پھینک کر اقتدار اعلیٰ ملک کے مسائل زدہ غریب،محکوم اور پڑھے لکھے لوگوں کے حوالے کرنا چاہتی ہے۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین کی سیاست،فکر،مقصد،مشن اور پروگرام بھی یہی ہے کہ ملک سے خاندانی اور موروثی سیاست کا خاتمہ کیا جائے اور کاروبار حکومت ایماندار،دیانتدار اور شفاف لوگوں کے ہاتھوں میں دیدی جائے۔انہوں نے توقع ظاہر کی کہ ایم کیوایم کے تحت ہونے والے پنجاب کنونشن کے انعقاد سے پنجاب کے عوام میں بھی ایک نیا اور مثبت سیاسی شعور پیدا ہوگا۔دریں اثناء حق پرست رکن قومی اسمبلی رشید گوڈیل اور جمیل الرحمٰن صدیقی نے باغبانپورہ شیلر چوک میں ایک کارنر میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عوام زیادہ سے زیادہ تعداد میں ایم کیوایم کے پنجاب کنونشن میں شرکت کرکے ثابت کردیں کہ وہ بھی ملک کے فرسودہ سیاسی نظام کو نہ صرف تبدیل کرنے کے خواہش مند ہیں بلکہ اس کے لئے عملی طور پر جدوجہد بھی کرنا چاہتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم پنجاب میں ووٹ مانگنے نہیں آئی بلکہ چاہتی ہے کہ پنجاب کے عوام میں وہ سیاسی شعور بیدار ہوجائے جس کی روشنی میں ملک کو دو فیصد ظالم اور مراعات یافتہ طبقے کے چنگل سے چھٹکارا دلایا جاسکے اور ملک کے 98 فیصد غریب ومحکوم عوام اپنے بہتر مستقبل اور ملک کی سلامیت اور استحکام کیلئے متحد ہوجائیں۔

## ایم کیوایم کی جانب سے ملتان کے مختلف علاقوں میں کنونشن کی تیاریاں زوروشور سے جاری،مختلف علاقوں میں ریلیوں کا انعقاد

ملتان۔۔۔23اپریل2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے تحت 25اپریل کو پنجاب میں ہونے والے پنجاب کنونشن کی تیاریوں کا سلسلہ تیزی سے جاری ہے اور اس سلسلے میں ایم کیوایم ملتان زون آل پاکستان متحدہ اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن کے ذمہ داران وکارکنان کی جانب ملتان کے مختلف علاقوں میں ریلیاں نکالی گئی۔ریلی میں موجود شرکاء نے بڑی تعداد میں ایم کیوایم پرچموں ، جناب الطاف حسین کی تصاویر،تہنیتی پیغامات پر مبنی بینرز اٹھا رکھے تھے جنہوں نے ملتان کی اہم شاہراہوں پر گشت کیا اور فلک شگاف نعرے لگائے۔ملتان میں ریلی کے انعقاد پر عوام نے ہاتھ ہلا کر ریلی کا خیرمقدم کیا اور وکٹری کا نشانہ بنایا۔

## پنجاب کنونشن پاکستان کی تاریخ میں اہم ترین دن ثابت ہوگا جو سیاست میں انقلابی ہلچل برپا کریگا،ارکان قومی اسمبلی
## ایم کیوایم کے حق پرست ارکان قومی وصوبائی اسمبلی کا ملتان کے مختلف بازاروں کا دورہ،25اپریل کو ہونے والے

پنجاب کنونشن کے پمفلٹ کی تقسیم

ملتان۔۔۔23اپریل2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے تحت ملتان میں ہونے والے پنجاب کنونشن کی تیاریاں جاری ہیں اس سلسلے میں حق پرست ارکان قومی اسمبلی صلاح الدین ،ڈاکٹر ایوب شیخ حق پرست صوبائی وزیر سندھ خالد بن ولایت ،زبیر احمد،صوبائی تنظیمی کمیٹی کے ارکان اور ایم کیوایم ملتان زون کے ذمہ داران وکارکنان نے ملتان کے مختلف بازاروں میں متحدہ قومی موومنٹ کے تحت 25اپریل کو ہونے والے پنجاب کنونشن کے دعوتی ہینڈ بلز عوام اور دکانداروں میں تقسیم کیے۔ملتان کے عوام نے حق پرست ارکان قومی اسمبلی کو اپنے درمیان میں دیکھ کر خوشگوار حیرت کا اظہار کیا اور اپنے مسائل سے حق پرست ارکان قومی اسمبلی کو آگاہ کیا۔ارکان قومی اسمبلی نے عوام سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم جنوبی پنجاب کے عوام کے مسائل ہی حل کرنے یہاں آئی ہے اور انشاء اللہ وہ دن دور نہیں جب حقوق سے محروم 98 فیصد ملتان کے عوام کو بھی ان کے جائز حقوق ان کی دہلیز پر ہی ملیں گے۔اس موقع پر بازاروں اور دیگر علاقوں میں پہنچنے پر عوام نے حق پرست ارکان قومی اسمبلی کا استقبال کیا،ان پر پھولوں کی پتیاں نچھاور کیں اور پنجاب کنونشن میں شرکت کا یقین دلایا۔

## پاکستان مسلم لیگ کے سابق صوبائی وزیر میاں سعید قریشی کے صاحبزادے اشرف سعید قریشی کی رابطہ کمیٹی سے ملاقات

ملتان۔۔۔23اپریل2010ء

پاکستان مسلم لیگ کے سابق صوبائی وزیر میاں سعید قریشی کے صاحبزادے اشرف سعید قریشی نے ایم کیوایم لوئر پنجاب زون آفس کا دورہ کیا اور متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن افتخار اکبر رندھاوا سے ملاقات کی۔اس موقع پر حق پرست رکن قومی اسمبلی ساجد احمد، وزیراعلیٰ سندھ کے مشیر خواجہ اظہار الحسن اور صوبائی تنظیمی کمیٹی کے انچارج الطاف زیدی بھی موجود تھے۔افتخار اکبر رندھاوا نے اشرف سعید قریشی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم صوبہ پنجاب میں ظالمانہ فرسودہ نظام ختم کرنے کا مشن لے کر آئی ہے اور ایم کیوایم جاگیرداراں اور وڈیروں سے عوام کو نجات دلا کر رہے گی کیونکہ متحدہ قومی موومنٹ پنجاب کے عوام کو اختیار دینے کیلئے آئی ہے کچھ لینے کیلئے نہیں۔اشرف سعید قریشی نے افتخار اکبر رندھاوا کو ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا اور جنوبی پنجاب میں ایم کیوایم کا خیر مقدم کیا۔

## خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت ملتان،ساہیوال،کہوٹہ،راول ڈیم،کھنہ اور شکریال میں طبّی امدادکیمپس کا انعقاد

راولپنڈی۔۔۔23،اپریل2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی خصوصی ہدایت پر ایم کیوایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کی جانب سے ملتان،ساہیوال اور راولپنڈی کہوٹہ،راول ڈیم،کھنہ اور شکریال میں جمعرات کے روز خدمت خلق فاؤنڈیشن کے فری میڈیکل کیمپس لگائے گئے۔میڈیکل کیمپس صبح 9 بجے سے شام 6 بجے تک جاری رہے جس میں امراض جلد،آنکھوں اور دانتوں کے اسپیشلسٹ،آرتھوپیڈک سرجن،جنرل سرجن اور جنرل فزیشن پر مشتمل ماہر ڈاکٹرز کی ٹیم نے سینکڑوں لوگوں کا تفصیلی معائنے کیے اور مریضوں میں طبی امداد اور ادویات مفت فراہم کیں۔فری میڈیکل کیمپس پر بزرگوں،نوجوانوں،خواتین اور بچوں نے گہری دلچسپی کا مظاہرہ کیا اور بڑی تعداد میں کیمپس پہنچ کر استعفادہ کیا۔خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے طبّی سہولیات سے استعفادہ کرنے والے افراد نے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کا شکریہ ادا کیا اور ان کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے دعائیں بھی کیں۔انہوں نے کہا کہ آج تک کسی سیاسی جماعت نے اس طرح عوام کی خدمت نہیں کی جس طرح ایم کیوایم کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم مسیحاؤں کی جماعت ہے جو نہ صرف عوام کو علاج معالجے کی سہولیات فراہم کررہی ہے بلکہ ملک سے کرپشن،مہنگائی،بے روزگاری اور لوڈشیڈنگ جیسے امراض کا خاتمہ چاہتی ہے۔دریں اثناء ملتان کے علاقے سمیجہ آباد یوسی 58 میں بھی میڈیکل کیمپ لگایا گیا جس میں سینکڑوں غریب مریضوں کا طبی معائنہ کیا اور ان میں مفت ادادویات کی تقسیم کی گئیں۔اس موقع پر وہاں موجود عوام نے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کا شکریہ ادا کیا اور ان کی مکمل صحت یابی اور درازی عمر کیلئے خصوصی بھی دعا کی۔آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی کے رکن سلیم بٹ نے راول ڈیم،کھنہ اور شکریال کے میڈیکل کیمپس کا دورہ کیا اور طبّی سہولیات کی فراہمی کے کاموں کا جائزہ لیا اور ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل اسٹاف کے ارکان کو شاباش دی۔انہوں نے مریضوں بھی فرداً فرداً ملاقات کی اور ان کی خیریت دریافت کی۔

## ایم کیوایم تمام مذاہب اور مسالک کے عوام کا گلدستہ ہے،پنجاب کنونشن میں اقلیتی برادری کے عوام بھی بھرپور انداز میں شرکت کریں،اقلیتی امور کمیٹی

راولپنڈی۔۔۔23،اپریل2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے تحت 25 اپریل ہونے والے پنجاب کنونشن کے سلسلے میں عوامی رابطہ مہم کا سلسلہ پورے جوش وخروش سے جاری ہے اور اس سلسلے میں گزشتہ روز متحدہ قومی موومنٹ اقلیتی امور کمیٹی کے انچارج پاسٹر انجم نے اراکین کے ہمراہ مختلف علاقوں کا دورہ کیا جس میں محلّہ راجہ سلطان،جمیس ٹاؤن،پولٹری فارم،شمس آباد،رواپنڈی،ڈھوک ،کال خان،پشاور موڑ،چشمہ ٹاؤن،گلزار قائد کے علاقے شامل تھے۔ایم کیوایم کی اقلیتی امور کمیٹی کے انچارج وار اکین نے محلّہ راجہ سلطان میں پاکستان مسلم لیگ(ق) سے تعلق رکھنے والے یوسی کونسلر وارث،پیپلز اسٹوڈینٹس فیڈریشن راولپنڈی منارٹی ونگ کے صدر اور کرسچن ایسوسی ایشن کی مرکزی کمیٹی کے صدر اور ممبران سے علیحدہ علیحدہ ملاقاتیں کی۔ملاقاتوں کے دوران پاسٹر انجم نے قائد تحریک الطاف حسین کے فکر وفلسفہ سے آگاہ کیا اور کہا کہ ایم کیوایم تمام مذاہب کے ماننے والے عوام کا گلدستہ ہے جیسے قائد تحریک جناب الطاف حسین نے انتہائی محنت ولگن سے سجایا ہے۔عوامی رابطہ مہم میں موجود لوگوں نے پنجاب کنونشن میں بھرپور شرکت کرنے کی یقین دہانی کرائی۔

## پنجاب کنونشن پاکستان کی تاریخ میں اہم ترین دن ثابت ہوگا جو سیاست میں انقلابی ہلچل برپا کردیگا،
## حق پرست ممبر صوبائی اسمبلی اسٹیفن آصف،عبدالمجید کاروانی
## بشپ آف فیصل آباد جان سیموئیل سے ملاقات اور اقلیتی ونگ کی کارنر میٹنگ سے خطاب

لاہور۔۔۔۔23،اپریل2010ء

متحدہ قومی موومنٹ مینارٹی کے حق پرست ایم پی اے اسٹیفن جان،رکن صوبائی تنظیمی کمیٹی عبدالمجید کاروانی نے کہا ہے کہ 25اپریل کا دن پاکستانی تاریخ کا اہم ترین دن ہے اس دن لاہور،راولپنڈی اور ملتان میں ہونیوالا پنجاب کنونشن پاکستانی سیاست میں انقلابی ہلچل پیدا کردے گا۔انہوں نے ان خیالات کا اظہار گوجرہ میں اقلیتی ونگ کے زیر اہتمام پنجاب کنونشن کی تیاریوں کے سلسلے میں منعقدہ کارنر میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر ایم کیو ایم کے وفد نے بشپ آف فیصل آباد جان سیموئیل سے بھی ملاقات کی۔انہوں نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ 25اپریل کو پنجاب بھر کے مظلوم ومحکوم عوام ایم کیو ایم کے جلسوں میں بھرپور شرکت کرکے ایک نئے تاریخ رقم کریں گے اور سیاسی تاریخ میں ایک نئے باب کا اضافہ کریں گے۔انہوں نے کہا کہ 25اپریل کو ایم کیو ایم کے تحت پنجاب کے شہر لاہور، ملتان اور راولپنڈی میں ہونے والا پنجاب کنونشن میں وعوام کی دلچسپی اس بات کی غمازی ہے کہ اب پنجاب کے غریب ہاری،مزدور،کسان اپنے جائز حقوق کے حصول کیلئے پوری طرح جاگ گئے ہیں اور متحدہ قومی موومنٹ کے پرچم تلے جمع ہوکر استحصالی عناصر کے خلاف عملی جدوجہد میں شامل ہیں۔انہوں نے کہا کہ ملک بھر کے مظلوم عوام کی طرح پنجاب کے عوام بھی قائد تحریک الطاف حسین کو اپنا متفقہ قائد تسلیم کرچکے ہیں اور وہ پنجاب کنونشن میں یہ بات پوری طرح عیاں کردے گے کہ پنجاب بھی ایم کیو ایم کا مضبوط قلعہ ہے اور یہاں کے عوام کے دل بھی الطاف حسین کیلئے دھڑکتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم جیو اور جینے دو کی پالیسی پر عمل پیرا ہے اور اس کی جدوجہد کا مقصد ملک کو فرسودہ جاگیردارانہ نظام سے نجات دلا کر 98فیصد مظلوم عوام کو ان کے جائز حقوق دلانا ہے۔انہوں نے کہا کہ پنجاب میں ایم کیو ایم کے کنونشن کے انعقاد سے یہاں کے عوام میں جوش وجذبہ پایا جارہا ہے وہ قابل دید ہے۔انہوں نے کہا کہ اب وہ وقت آگیا ہے کہ جب پنجاب کے عوام بھی ہاتھوں میں ایم کیو ایم کے پرچم لیکر قائد تحریک الطاف حسین کے شانہ بشانہ ایم کیو ایم کی جدوجہد میں شامل ہوجائینگے اور فرسودہ نظام کے خاتمے کیلئے گلی گلی محلّہ محلّہ گاؤں گاؤں شہر شہر تحریک چلائیں گے۔انہوں نے صوبہ پنجاب کے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ حق پرستی کی تحریک کا بھرپور ساتھ دینے کیلئے ایم کیو ایم کے تحت لاہور، ملتان اور راولپنڈی میں ہونے والے پنجاب کنونشن میں بھرپور انداز میں شرکت کو یقینی بنائیں اور ایم کیو ایم کے خلاف پھیلائے گئے منفی پروپیگنڈوں کو مسترد کردیں۔

## پنجاب کے عوام نے الطاف حسین کو اپنا لیڈر تسلیم کرلیا ہے اور آج وہ بھی ایم کیو ایم کے ویژن پر عمل پیرا ہیں،میر عمران،ایم پی اے اسٹیفن آصف
## ممتاز سیاسی وسماجی شخصیات کا قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکروفلسفہ سے متفق ہوکر ایم کیو ایم میں شمولیت کا اعلان

گوجرانوالہ۔۔۔23،اپریل2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے اقلیتی ایم پی اے اسٹیفن آصف،رکن صوبائی تنظیمی کمیٹی حسن عالم،زونل انچارج میر عمران رؤف نے گوجرانوالہ کے علاقے تتلے عالی،نوشہرہ ورکاں،اروپ ٹاؤن میں 25،اپریل کو لاہور میں منعقد ہونے والے کنونشن کے تیاریوں کے سلسلے میں کارنر میٹنگز سے خطاب کیا۔ذمہ داران نے متعلقہ علاقوں کے عوام کو 25اپریل کے پنجاب کنونشن میں شرکت کی دعوت دی۔اس موقع پر عوام نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکروفلسفہ کو سراہتے ہوئے اپنی بھرپور شرکت کی یقینی دہانی کرائی اور کہا کہ پنجاب کے عوام نے الطاف حسین کو اپنا لیڈر تسلیم کرلیا ہے اور آج وہ بھی ایم کیو ایم کے ویژن پر عمل پیرا ہیں۔بعدازاں اسٹیفن آصف گوجرانوالہ کے آرگنائزر طلعت باجوہ اور دیگر ذمہ داروں کے ہمراہ نوشہرہ ورکاں کی ایک تقریب میں پہنچے جہاں اسٹیفین آصف اور ان کے ساتھیوں نے خطاب کیا۔اس موقع پر درجنوں افراد نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکروفلسفہ سے متفق ہوکر ایم کیو ایم میں شمولیت کا اعلان کیا اس تقریب میں سینکڑوں کی تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔

## ہندو برادری راولپنڈی، ملتان اور لاہور میں ایم کیو ایم کے کنونشن میں زیادہ سے زیادہ شرکت کریں،شری رام ناتھ مہاراج کی اپیل

کراچی۔۔۔23،اپریل2010ء

شری رام ناتھ مہاراج گادی نے پنجاب کے مختلف شہروں اور قصبوں کی رہائشی ہندو برادری سے بنتی (اپیل) کی ہے کہ وہ متحدہ قومی موومنٹ کے زیر اہتمام 25اپریل کو راولپنڈی،

ملتان اورلاہور میں ہونیوالے پنجاب کنونشن میں بھرپورانداز میں شرکت کویقینی بنائیں۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ ملک کی واحد جماعت ہے جس نے ملک کی تاریخ میں پہلی مرتبہ میرٹ کی بنیاد پرغریب ومتوسط طبقہ کے افراد کومنتخب کرواکراسمبلیوں میں بھیجا ہے۔انہوں نے کہا کہ الطاف حسین نے ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ،وڈیرانہ نظام کے خاتمے کیلئے ایم کیوایم کی جدوجہد سے جواعلان جنگ کیا ہے اس میں پوری ہندو برادری الطاف حسین کے شانہ بشانہ ہیں۔انہوں نے ہندوبرادری سے اپیل کی ہے کہ وہ پنجاب کنونشن میں زیادہ سے زیادہ شرکت کرکے حق پرستی کا ثبوت دیں اوراپنی شرکت کویقینی بنائیں۔

## جناب الطاف حسین ملک کے مظلوم عوام کے متفقہ قائد ہیں جوملک سے استحصالی نظام کے خاتمے اورتمام قومیتوں کے مظلوم عوام کے جائزحقوق کیلئے عملی جدوجہد کررہے ہیں،

## متحدہ قومی موومنٹ نے اس ملک کے ہرمکتبہ فکر سے تعلق رکھنے والے افراد کی خدمت کواپنا نصب العین بنایا ہے،عنصرعلی بُٹر

## سنٹرل زون گوجرانوالہ میں رکشہ یونین کے عہدیداران سے ملاقات

لاہور۔۔۔۔۔۔23،اپریل2010ء

متحدہ قومی موومنٹ سنٹرل زون گوجرانوالہ کے سیکرٹری اطلاعات عنصرعلی بُٹر نے رکشہ یونین کے عہدیداران سے ملاقات کے دوران کہا ہے کہ ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کا پیغام امن وسلامتی کا پیغام ہے۔اس موقع پرزونل کمیٹی کے اراکین چوہدری عدنان باجوہ،راؤندیم بھی موجود تھے۔انہوں نے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین نے پنجاب کےمحروم اور پسے ہوئے طبقے کی آوازاٹھاکے ثابت کردیا ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ اس ملک کے 98 فیصدغریب ومتوسط طبقے کی عملی طورپرترجمانی کرتی ہے۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ نے اس ملک کے ہرمکتبہ فکر سے تعلق رکھنے والے افراد کی خدمت کواپنا نصب العین بنایا ہے اورعوام کی بلاتفریق رنگ ونسل،زبان،مذہب اورقومیت بے لوث خدمت کی ہے وہ کسی سے بھی ڈھکی چھپی نہیں ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کے قائد جناب لطاف حسین ملک کے مظلوم عوام کے متفقہ قائد ہیں جوملک سے استحصالی نظام کے خاتمے اورتمام قومیتوں کے مظلوم عوام کے جائزحقوق کیلئے عملی جدوجہد کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ مزدورں کے جائز مسائل کا حل اجتماعی بنیادوں پر چاہتی ہے کیونکہ کسی بھی تحریک میں کارکنان،مزدورطبقہ بنیادی اہمیت کے حامل ہوتا ہے۔

## پنجاب کنونشن سے الطاف حسین کا خطاب پاکستان کی سیاسی تاریخ میں ایک نئے باب کا اضافہ ثابت ہوگا،ایم کیوایم برطانیہ

## برطانیہ میں مقیم پاکستانی 25،اپریل کولاہور،راولپنڈی اورملتان میں ایم کیوایم پنجاب کنونشن میں اپنے رشتہ داروں کی شرکت یقینی بنائیں

لندن۔۔۔23،اپریل2010ء

ایم کیوایم برطانیہ کی آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان نے برطانیہ کے مختلف شہروں میں مقیم پاکستانیوں سے اپیل کی ہے کہ وہ پنجاب میں مقیم اپنے رشتہ داروں اوردوست احباب کی ایم کیوایم پنجاب کنونشن میں شرکت یقینی بنائیں۔ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ مورخہ 25،اپریل 2010ء بروزاتوارکو پنجاب کے شہرلاہور،راولپنڈی اورملتان میں ایم کیوایم پنجاب کنونشن منعقدکیا جارہا ہے جن سے قائدتحریک جناب الطاف حسین بیک وقت ٹیلی فونک خطاب کریں گے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم پنجاب سمیت ملک بھرکے عوام کو فرسودہ جاگیردارانہ اوروڈیرانہ نظام سے نجات دلانے اورملک سے موروثی سیاست کا خاتمہ چاہتی ہے اوراس سلسلے میں ایم کیوایم پنجاب کنونشن سے جناب الطاف حسین کا فکرانگیز اورتاریخی خطاب پاکستان کی سیاسی تاریخ میں ایک نئے باب کا اضافہ ثابت ہوگا۔ایم کیوایم برطانیہ کی آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان نے برطانیہ میں مقیم پاکستانیوں سے اپیل کی کہ وہ پنجاب میں مقیم اپنے رشتہ داروں اوردوست احباب سے رابطہ کریں اورانہیں پنجاب کنونشن میں شرکت کی دعوت دیکرایم کیوایم پنجاب کنونشن کوکامیاب بنائیں۔

☆☆☆☆☆